سوال

اسلامی بینکنگ ؟

جواب

دور حاضر میں اسلامی بینک کا وجود۔ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ موجودہ دور میں کوئی ایسا بینک ہے جو اسلامی بنیادوں پر کام کر رہا ہو۔ ؟ میں اسلامی بینک میں انویسٹمنٹ کرنا چاہتا ہوں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! افسوس کی بات یہ ہے کہ ہماری معلومات کے مطابق اس وقت پاکستان میں کوئی ایک بینک بھی ایسا نہیں جو اسلامی بنیادوں پر کام کر رہا ہو۔ سب نے دھوکے اور فریب سے سودی معاملات کو ہی شرعی نام دے لئے ہیں۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے شراب کی بوتل پر دودھ لکھ لیا جائے۔ آپ کو چاہئے کہ بینک کے علاوہ کسی اور پروجیکٹ میں انویسٹمنٹ کر لیں۔ اللہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی